| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ے' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ے' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اور اس کے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں سے حروف 'ا تا ی' کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5منٹ | حرف فلیش کاڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ی' کا درست تلفظ، آواز اور اس اشیاء میں حرف 'ے' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ے' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ے' ہے۔ یہ حروف تہجی کا آخری حرف ہے۔ بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ے' سے کوئی لفظ نہیں بنتا یہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں ہی آتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ے' کا درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ے' کے ذخیرہ الفاظ (پتے، انڈے، موزے، چوزے، غبارے، کیلے، تارے) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو حرف 'ے' کے الفاظ اور اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پتے کی ورک شیٹ دی جائے گی بچوں سے پتے میں سبز رنگ بھرنے کو کہا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ پتے کا آخری حرف 'ے' ہے۔ | 20منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ے' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'ے' کون سے حرف کے بعد آتا ہے۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ے' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ے' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اور اس کے (کوئی سے چار) الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اُردو'' کے نظم سنائی جائے گی بچوں کو حرف 'ے' فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ے' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ے' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ے' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>چنا منا دو چوزے تھے ایک دن دونوں گھر سے نکلے<br>دانہ چگنے باغ میں آئے چنا ایک دانے پر لگا<br>منے ایک کیڑا دیکھا پتلا پتلا لمبا لمبا<br>چنے نے منے کو بلایا دونوں نے کیڑے کو پکڑا<br>زور سے پکڑا زور سے کھینچا کیڑا باہر کھنچتا آیا<br>باہر نکلا تو کیا دیکھا اتنا موٹا تازہ چوہا<br>چنا منا ڈر کے بھاگے چنا پیچھے منا آگے | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب صفحہ نمبر 86 کھولیں اور حرف 'ے' پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا بچوں کو دی گئی تصاویر کے نام بتائے جائیں گے اور حرف 'ے' کی نشاندہی کروائی جائے گی۔ 'ے' کی صوتی آواز بار بار دہرائی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 86 | |
| | **اختتامیہ:**<br>غبارے اور موزے کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے ان الفاظ کی آخری آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ے' | دن: | تیسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ے' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی آواز اور اس کے (کوئی سے چار) الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ے' کا تلفظ اس کی آواز اور الفاظ دہرائے جائیں گے 'ے' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ے' کی کہانی سنیں گے۔<br>شانزے صبح سویرے اٹھ گئی موسم ٹھنڈا تھا اس لیے شانزے نے اپنے موزے پہن لیے وہ کچن میں گئی وہاں کیلے اور انڈے کے علاوہ کچھ نہیں تھا اس نے ایک کیلا کھایا رات کو وہ بازار سے غبارے لائی تھی اس نے بہت سے غبارے پھولائے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو رات کے منظر کی ورک شیٹ اور کچھ کٹے ہوئے تارے دیئے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ دن کے وقت آسمان پر سورج ہوتا ہے۔ اور رات کو آسمان پر چاند اور تارے ہوتے ہیں ورک شیٹ پر تارے چسپاں کرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی بچوں سے تارے کی آخری آواز پوچھی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو انڈے اور چوزے کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے ان الفاظ کی آخری آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>ورک شیٹ<br>تارے<br>(سٹیکرز/ چھوٹے کٹے ہوئے) گلو | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ے' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ے' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ے' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ے' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اس کے الفاظ اور بناوٹ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ے' کا تلفظ، اس کی بناوٹ اور اس کے الفاظ دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ے' کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اس میں 'ے' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ی' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ی' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ے' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے تارے، کیلے اور غبارے کی تصاویر دکھائی جائیں گی اور بچوں کو ان الفاظ کے آخر کی آواز بتائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ایک گروپ Salt Tray پر 'ے' بنانے کی مشق کرے گا دوسرا گروپ کمرہ جماعت میں 'ے' کے چھپے الفاظ تلاش کرے گا۔ دونوں گروپس سے باری باری دونوں سرگرمیاں کروائی جائیں گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 87 کھولنے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا گھڑی کی آخری آواز 'ے' کی ہے بچوں کو ے کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ے' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | Salt Tray<br>کتاب صفحہ 87 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو کیلے اور تارے کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے اور آخری آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ے‘ | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ے‘ کی پہچان کرسکیں‘۔ اس کی صوتی آواز اس کے الفاظ اور بناوٹ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف ’ے‘ کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کے مدد سے دکھا کر ان کی آخری آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو ’ے‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کون سا حرف ہے بچوں سے Sand letters پر حرف ’ے‘ کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف ’ے‘ پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کرسکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ے‘ کے الفاظ تختہ / سفید اور سیاہ پر لکھ کر بچوں سے حرف ’ے‘ کے گرد دائرہ بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ے‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ے‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |